باسمہ تعالیٰ

تخصص فی السیرۃ النبویۃ

المرحلۃ الاولیٰ

First semester

پہلی سہ ماہی

تخصص فی السیرۃ النبویہ کے پہلے سمسٹر میں سیرت النبی ﷺ کی بالکل ابتدائی اور عام فہم کتب شاملِ نصاب ہیں، جن کے مطالعہ کے لیے تین ماہ کا دورانیہ مختص کیا گیا ہے۔ اس دوران ہفتہ وار محاضرات (لیکچرز) بھی ہوں گے، جن میں سیرت نگاری کے اصول اور مبادیات پر گفتگو ہو گی۔

کتب برائے لازمی مطالعہ

Books for Mandatory study

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت	مدتِ مطالعہ
۱	سیرتِ خاتم الانبیاء ﷺ	مفتی محمد شفیعؒ	123صفحات	15ایام
۲	النبی الخاتم ﷺ	مولانا مناظر احسن گیلانیؒ	115صفحات	15ایام
۳	سیرت کورس	مفتی مصطفیٰ عزیز حفظہ اللہ	497صفحات	60ایام
۴	اصولِ سیرت	مفتی مصطفیٰ عزیز حفظہ اللہ	250صفحات	15ایام

محاضرات کی تفصیل

۱	مطالعہ سیرت النبی ﷺ کی ضرورت واہمیت
۲	سیرت نگاری کا آغاز وارتقاء
۳	سیرت نگاری کے مصادر ومراجع
۴	کتبِ سیرت کی اقسام وانواع اور ارتقائی ادوار
۵	سیرت نگاری کے مناہج واسالیب
۶	سیرت اور علومِ سیرت ایک تعارفی جائزہ
۷	سیرت النبی ﷺ کا تاریخی وتکمیلی پہلو
۸	سیرت النبی ﷺ کی جامعیت وعملیت
۹	سیرت النبی ﷺ کا جغرافیائی مطالعہ
۱۰	تعلیماتِ سیرت کا معاشرے کی اصلاح میں کردار

عملی کام:

Practical work

(1) مطالعہ (Study)

المرحلۃ الاولیٰ (پہلے سمسٹر) میں بنیادی طور پر مطالعہ کی چار کتب شاملِ نصاب ہیں، تین ماہ کے دورانیہ میں ان کتب کا مطالعہ کرنا ہر شریکِ تخصص کے ذمہ لازم ہے۔

(2) حلِ تمرینات (Solution of exercises)

نصاب میں شامل کتب میں سے **"سیرت کورس"** کے ہر سبق کے آخر میں دی گئی تمرینات کو بھی حل کیا جائے۔

(3) محاضرات (Lectures)

پہلے سمسٹر میں **"مبادیاتِ سیرت"** کے عنوان پر ہفتہ وار لیکچرز ہوں گے، جس میں تمام شرکا کی حاضری ضروری ہے۔

(4) حفظ الحدیث (Memorization of Hadith)

پہلے سمسٹر میں حفظ الحدیث کے تحت جوامع الکلم (**چہل احادیث**) بھی یاد کروائی جائیں گی۔